اٹلی

# استقبال کے وقت آپ کے حقوق اور آپ کی ذمہ داریاں



یہ معلومات آپ کے لئے اس صورت میں ہے اگر:

- آپ کی عمر 18 سال سے کم ہے
- آپ اکیلے یا خاندان کے دوسرے افراد کے ساتھ، اپنے والدین کے بغیر آئے تھے
- آپ نے حکام کو بتایا ہے کہ آپ **اٹلی** *میں پناہ (جسے بین الاقوامی تحفظ بھی کہا جاتا ہے) کے لئے درخواست دینا چاہتے ہیں۔*

**آپ اس ملک میں محفوظ ہیں۔**

URDU

یورپ میں، اگر کسی کی عمر 18 سال سے کم ہوتی ہے، تو اسے بچہ سمجھا جاتا ہے، اور اسے **خصوصی معاونت** ملنے کا حق ہوتا ہے۔

## آپ کی مدد کون کرے گا؟



یہاں آپ کے والدین آپ کے ساتھ نہیں ہیں، اس لئے ایک بڑا، جسے **سرپرست** کہا جاتا ہے، آپ کی ضروریات میں آپ کی مدد کرے گا۔ یہ شخص حکام سے آزاد ہوتا ہے۔

اگر آپ اب تک اپنےسرپرست سے نہیں ملے ہیں، تو آپ کی جلد ان سے ملاقات کروائی جائے گی۔

اس وقت تک، حکام آپ کی مدد اور آپ کی نمائندگی کی ذمہ داری کسی اور بڑے کو دیں گے۔

## سرپرست کا کیا کام ہوتا ہے؟

آپ کےسرپرست آپ کو آپ کے قیام کے بارے میں سب کچھ سمجھاتے ہیں اور آپ کو آپ کے سوالات کے جواب ڈھونڈنے میں مدد کرتے ہیں۔ دوسرا عملہ بھی آپ کو ان سوالات میں مدد کر سکتا ہے۔

آپ کے سرپرست حکام کو بتاتے ہیں کہ آپ کو کس چیز کی ضرورت ہے، آپ کو مشورے دیتے ہیں، اور آپ کو اہم فیصلے لینے میں مدد کرتے ہیں۔

آپ کسی بھی وقت اپنی ضروریات اور خیالات کا اظہار کر سکتے ہیں اور اپنے سرپرست کو اپنی رائے دے سکتے ہیں۔

اگر آپ کو اپنے سرپرست سے کوئی مسئلہ ہو تو عملے کو بتائیں۔

آپ کسی بھی وقت عملے سے مدد طلب کر سکتے ہیں۔ گھبرائیں نہیں، مسئلے مل کر حل کئے جا سکتے ہیں!

ایک **مترجم** ایک آپ کو ایسی زبان میں بات کرنے میں مدد کر سکتے ہیں، جو آپ سمجھ سکتے ہیں۔ ان کا کام آپ کی اور دوسروں کی باتوں کا درست ترجمہ کرنا ہے۔

## اگر آپ اپنے گھر والوں سے رابطہ کرنا چاہتے ہیں تو آپ کیا کر سکتے ہیں؟



اگر آپ کو معلوم نہیں ہے کہ آپ کے گھر والے کہاں ہیں، یا آپ کا ان سے رابطہ نہیں ہو رہا، تو عملہ آپ کو انہیں ڈھونڈنے میں مدد کر سکتا ہے۔

اگر یورپ میں آپ کے خاندان کا کوئی فرد ہے، تو عملے کو اپنے گھر والوں کے بارے میں سب کچھ بتائیں۔

## احتیاط سے کام لیں، ہو سکتا ہے کچھ لوگ آپ کو خطرے میں ڈالیں



ہو سکتا ہے کہ آپ یہ ملک چھوڑنے کے بارے میں سوچ رہے ہوں، یا کچھ لوگ آپ کو یہاں سے بھاگنے کے لئے کہہ رہے ہوں۔
یہ آپ کے لئے خطرناک ہو سکتا ہے اور اس سے آپ کی پناہ کی درخواست کے لئے منفی نتائج ہو سکتے ہیں۔ اپنے سرپرست اور عملے سے بات کریں، آپ انہیں صورتحال سمجھا سکتے ہیں اور وہ آپ کو مشورہ دے سکتے ہیں۔



## آپ کو کیا ملے گا؟

جب تک حکام آپ کی پناہ کی درخواست پر کام کر رہے ہیں، اور آپ ان کے فیصلے کا انتظار کر رہے ہیں، آپ کو مختلف قسم کی مدد اور سہولیات ملیں گے۔ اسے **استقبال** کہا جاتا ہے۔

عملہ آپ کو اس بات کی تصدیق کرنے کو کہے گا کہ آپ کو اس کتابچے میں موجود معلومات مل گئی ہے۔ اگر آپ کو اس کتابچے میں کوئی چیز سمجھ نہ آئے یا اگر آپ کچھ سوالات پوچھنا چاہتے ہیں تو اپنے سرپرست اور عملے سے بات کریں۔

آپ کو اگلے کچھ دنوں میں مزید معلومات ملے گی۔

**آپ کو کیا ملے گا:**



- سونے کے لئے جگہ



- ذاتی صحت و صفائی کا سامان



- کھانا



- روزمرہ کے خرچ کے لئے پیسے



- کپڑے





آپ بچے ہیں، اس لئے آپ کو تعلیم حاصل کرنے کا اور سیکھنے کا حق ہے۔ عملہ آپ کو تعلیمی اور تفریحی سرگرمیوں کے بارے میں بتائیں گے تاکہ آپ کو سیکھنے، آگے بڑھنے اور نئے دوست بنانے میں مدد ملے۔





آپ کی عمر اور حالات کے لحاظ سے، اگر آپ چاہیں تو آپ کو کام کرنے کی اجازت مل سکتی ہے۔ آپ کےسرپرست اور عملہ آپ کو مزید معلومات دیں گے۔

## صحت کی دیکھ بھال کا حق

**حکام یقینی بنائیں گے کہ آپ کو ضروری صحت کی دیکھ بھال مل رہی ہے۔**

عملہ اور سرپرست آپ کو بتائیں گے کہ کیا آپ کو کسی نرس یا ڈاکٹر سے طبی چیک اپ کروانے کی ضرورت ہو سکتی ہے۔





## اگر ایسا ہو تو اپنے سرپرست کو بتائیں:

- آپ بیمار ہیں، آپ کو چوٹ لگی ہے، یا آپ کو فوراً طبی امداد کی ضرورت ہے
- آپ کسی معذوری سے دوچار ہیں
- آپ کے ساتھ زیادتی ہوئی ہے
- آپ کو کسی سے ڈر لگ رہا ہے یا پہلے کسی سے ڈر لگتا تھا
- آپ حاملہ ہیں یا آپ کے حاملہ ہونے کا امکان ہے
- آپ کو کسی اور وجہ سے معاونت کی ضرورت ہے۔

اگر آپ اکثر اداس محسوس کرتے ہیں، آپ کو غصہ آتا ہے، ڈر لگتا ہے، پریشانی ہوتی ہے، یا آپ کو سونے میں مشکل ہوتی ہے تو آپ **ماہر نفسیات** سے بات کر سکتے ہیں۔

آپ نرس، ڈاکٹر، ماہر نفسیات، عملے اور اپنے سرپرست پر بھروسہ کر سکتے ہیں۔ آپ انہیں جو بھی بتائیں گے، اسے آپ کی اجازت کے بغیر آپ کے سرپرست/نمائندے کے علاوہ کسی کو نہیں بتایا جائے گا۔ صرف اسی وقت آپ کی بات کسی اور کو بتائی جائے گی اگر آپ کی یا کسی اور کی جان کو خطرہ ہو۔

## آپ کہاں ٹھہریں گے؟



جب تک حکام آپ کی پناہ کی درخواست پر کام کر رہے ہیں اس وقت تک آپ کہاں رہیں گے، اس کا فیصلہ آپ کی عمر اور آپ کی ضروریات کے حساب سے لیا جاتا ہے۔

آپ کے سرپرست اور عملہ آپ کو بتائیں گے کہ آپ کو رہنا ہوگا۔ **آپ کو صرف اس جگہ پر معاونت اور سہولیات ملیں گی جس کا فیصلہ حکام نے کیا ہوگا کہ آپ کو صرف اسی جگہ پر معاونت اور سہولیات ملیں جس کا فیصلہ حکام نے کیا ہو۔**

**بہت کم ایسا ہوگا کہ بچوں کو ایسے مرکز میں رکھا جائے گا جہاں وہ اپنی مرضی سے آ اور جا نہیں سکیں گے۔ اگر آپ کے ساتھ ایسا ہو رہا ہے تو آپ کے سرپرست، ایک قانونی مشیر اور عملہ آپ کی مدد کریں گے۔**

قانونی مشیر اس شخص کو کہا جاتا ہے جسے اس ملک کے قاعدے معلوم ہیں اور جو آپ کے حالات سمجھ کر آپ کی مدد کر سکتا ہے۔



**آپ جہاں بھی ٹھہرے ہوں، آپ کو محفوظ رہنے کا حق حاصل ہے۔**

**کسی کو بھی اجازت نہیں ہے کہ وہ:**




آپ کو ڈرائے دھمکائے

آپ کی توہین کرے

آپ کو نقصان پہنچائے

چاہے وہ کوئی بھی ہو، اور چاہے آپ ان کو جانتے ہوں یا نہیں۔

اگر آپ کو عملے یا اپنے سرپرست کی وجہ سے کوئی مسئلہ ہو تو آپ آواز اٹھا سکتے ہیں۔

## استقبال پر آپ کی ذمہ داریاں کیا ہیں؟



آپ کے لئے سچ بولنا اور حکام کے ساتھ تعاون کرنا بہت ضروری ہے، اس وقت بھی اگر آپ کو ڈر لگے، یا آپ کو اپنی بات کہنا مشکل لگے۔

اگر آپ کے سرپرست اور عملے کو آپ کے حالات کے بارے میں پتا ہو تو وہ آپ کی مدد کر سکتے ہیں۔

نیچے کچھ ذمہ داریاں لکھی گئی ہیں جنہیں آپ کو پورا کرنے کی ضرورت ہے۔

- ✔ آپ جہاں ٹھہرے ہیں، وہاں کے قواعد پر عمل کریں۔
- ✖ آپ کو حکام نے جہاں ٹھہرنے کے لئے کہا ہے، وہاں سے اجازت کے بغیر کہیں فرار نہ ہوں۔
- ✔ اس ملک کے قوانین پر عمل کریں، جس کے بارے میں عملہ اور آپ کے سرپرست آپ کو تفصیل سے سمجھائیں گے۔

## اگر آپ اپنی ذمہ داریاں پوری نہیں کریں گے تو کیا ہوگا؟

حکام حالات کو دیکھیں گے، اور اس کے بعد اگر وہ کوئی فیصلہ کریں گے، تو وہ آپ کے سرپرست کو بتائیں گے۔
اگر ایسا ہو تو آپ اپنے سرپرست یا عملے سے کھل کر بات کر سکتے ہیں اور اپنے حالات سمجھا سکتے ہیں۔

ہو سکتا ہے کہ حکام فیصلہ کریں کہ:

- **آپ کو کم معاونت ملے**، مثال کے طور پر اگر آپ حکام کے ساتھ تعاون نہیں کرتے
- **آپ کو ملنے والی معاونت اس صورت میں کم ہو سکتی ہے** اگر آپ دوسروں پر تشدد کرتے ہیں۔



آپ کے ذاتی حالات اور آپ کی ضروریات کے مطابق فیصلہ کیا جائے گا کہ آپ کو کس قسم کی معاونتیں ملتی رہیں گی۔

**اب آپ اٹلی میں ہیں، جو ایک +EU ملک ہے۔**
**+EU کے ممالک ہیں:**

یورپی یونین (EU) کی 27 رکن ریاستیں: آسٹریا، اٹلی، ایسٹونیا، بلغاریہ، بیلجیم، پرتگال، پولینڈ، جرمنی، جمہوریہ آئرلینڈ، چیکیا، ڈینمارک، رومانیہ، سپین، سلواکیا، سلوینیا، سویڈن، فرانس، فن لینڈ، قبرص، کروشیا، لکسمبرگ، لیتھوینا، لیٹویا، مالٹا، نیدرلینڈز، ہنگری، یونان، اور

4 دیگر ممالک: آئس لینڈ، سوئٹزرلینڈ، لخٹنشٹائن، اور ناروے۔

## پناہ کے لئے درخواست دینے اور +EU ممالک جانے سے متعلق قواعد




- آپ کو **اٹلی** میں رہنا ہوگا، اور آپ بھاگ کر کسی دوسرے +EU ملک نہیں جا سکتے۔
- اگر آپ کا کوئی رشتہ دار ان ممالک میں رہتا ہے تو حکام آپ کو آپ کے خاندان سے ملاپ کے حقوق کے بارے میں بتائیں گے۔ فرار نہ ہوں۔

- اگر آپ فرار ہوتے گے تو کچھ منفی نتیجے سامنے آ سکتے ہیں، جن کے بارے میں بعد میں بتایا جائے گا۔ مثال کے طور پر، آپ کو اس دوسرے ملک میں استقبال کی کم مدد ملے گی۔
- یاد رکھیں، اگر حکام نے آپ کو کچھ اور نہ بتایا ہو، تو آپ کو اسی +EU ملک میں پناہ کے لئے درخواست دینے اور اپنی درخواست رجسٹر کرنے کی ضرورت ہے جہاں آپ سب سے پہلے آئے تھے۔
- آپ کی پناہ کی درخواست پر کام کرنے کی ذمہ داری ان میں سے صرف ایک ملک کی ہے۔ اٹلی کے حکام آپ کو بتائیں گے کہ اس کے لئے کونسا ملک ذمہ دار ہوگا۔

آپ کو ان طریقوں کے بارے میں الگ کتابچوں میں بتایا جائے گا۔

## اگر آپ کسی دوسرے +EU ملک بھاگ جائیں تو کیا ہوگا؟




**اٹلی میں:**

- ہو سکتا ہے کہ آپ کے پناہ کے عمل کو روک دیا جائے۔

**دوسرے +EU ملک میں:**

- ہو سکتا ہے کہ حکام آپ کو اسی +EU ملک واپس بھیجنے کا فیصلہ کریں جہاں سے آپ بغیر اجازت آئے تھے۔

حکام کی طرف سے واپس بھیجے جانے کے متعلق فیصلہ ملتے ہی، آپ کے کچھ حقوق ختم ہو جائیں گے، جیسے کہ:

- آپ کو کوئی قسم کی معاونتیں نہیں ملیں گی اور
- آپ کو کام کرنے کی اجازت نہیں ہوگی۔

آپ کے ذاتی حالات اور آپ کی ضروریات کے مطابق فیصلہ کیا جائے گا کہ آپ کو کس قسم کی معاونتیں ملتی رہیں گی۔

## اگر آپ حکام کے فیصلے سے متفق نہ ہوں تو آپ کی مدد کون کر سکتا ہے؟

آپ اپنے سرپرست سے بات کر سکتے ہیں اور سوالات پوچھ سکتے ہیں۔



اپنے سرپرست کے ساتھ آپ کسی قانونی مشیر سے مدد لے سکتے ہیں۔

عملہ آپ کو ان غیرحکومتی اداروں کے بارے میں بھی بتائے گا جو آپ کو معلومات دے سکتے ہیں اور آپ کی مدد کر سکتے ہیں۔




آپ کسی بھی وقت اقوام متحدہ کی ایجنسی برائے پناہ گزین (UNHCR) سے رابطہ کر سکتے ہیں۔ UNHCR ان لوگوں کو محفوظ رکھتی ہے جن کو اپنا ملک چھوڑنا پڑا تھا۔

## میرے نوٹس

MINISTERO DELL'INTERNO

euaa EUROPEAN UNION AGENCY FOR ASYLUM

یہ کتابچہ صرف معلوماتی مقاصد کے لئے تیار کیا گیا ہے۔ اس سے اپنے آپ میں حقوق یا ذمہ داریاں تخلیق نہیں ہوتیں۔ یورپی یونین ایجنسی برائے پناہ (EUAA) نے اس مواد کا مرکزی حصہ فراہم کیا ہے، اور EUAA نے صرف EU کی رکن ریاستوں کو اس کی نقل بنانے اور اسے تبدیل کرنے کی اجازت دی ہے۔ EUAA، یورپی یونین کی رکن ریاستوں یا کسی بھی ذمہ دار فریقِ ثالث کی طرف سے اس کتابچے میں شامل کی جانے والی معلومات کے درست ہونے، مشمولات، مکمل ہونے، قانونی طور پر درست ہونے، یا معتبر ہونے کے سلسلے میں کوئی ذمہ داری قبول نہیں کرتا۔ نہ تو EUAA اور نہ ہی EUAA کی طرف سے اقدام کرنے والا کوئی شخص اس کتابچے میں موجود معلومات کے کسی بھی استعمال کا ذمہ دار ہے۔

© یورپی یونین ایجنسی برائے پناہ، 2025